20

سب انسان برابر ہیں

احمد، اقبال صاحب کا بیٹا ہے۔ اُن کے گھر میں مالی بابا کام کرتے ہیں۔ مالی بابا کے ساتھ اکثر شام کو اُن کا چھوٹا بیٹا امجد بھی آ جاتا ہے۔ احمد اپنا سکول کا کام کرنے کے بعد امجد کے ساتھ کھیلتا ہے۔

عید آنے والی تھی۔ اقبال صاحب نے احمد سے کہا بیٹا! کل ہم عید کے کپڑے خریدنے کے لیے بازار جائیں گے۔ احمد نے کہا ابُّو جان اگر آپ اجازت دیں تو میں مالی بابا کے بیٹے کو بھی ساتھ لے جاؤں۔ اُس کو بھی عید کے کپڑے لے کر دینا چاہتا ہوں۔ احمد کی بات اُس کے امّی ابُّو کو بہت پسند آئی۔ دوسرے دن وہ خوشی خوشی بازار گئے۔ عید کے لیے احمد نے جو شلوار قمیص پسند کی اُسی طرح کی اُس نے امجد کے لیے بھی خریدی۔ احمد کے ابُّو نے کہا کہ بیٹا آپ اپنے لیے پینٹ اور شرٹ بھی لے لو تو احمد نے کہا کہ ابُّو جان اگر آپ امجد کو بھی لے کے دیں گے تو میں لے لیتا ہوں۔

اقبال صاحب کو اپنے بیٹے احمد کی یہ بات بہت پسند آئی۔ اُنھوں نے اُسے بہت پیار کیا اور کہا کہ بیٹا ہمیشہ اپنی سوچ کو اسی طرح بلند رکھنا۔ پھر اقبال صاحب نے احمد اور امجد کو ایک جیسے کپڑے لے کر دیے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ احمد سے بہت خوش ہوئے ہوں گے کیونکہ اُس نے اپنے اور مالی بابا کے بیٹے میں ذرا برابر بھی فرق نہیں رکھا تھا۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) امجد کون تھا؟

(ii) احمد نے امجد کے لیے کیا خریدا؟

(iii) ابُّو جان نے احمد کو پینٹ اور شرٹ خریدنے کے لیے کہا تو اُس نے کیا جواب دیا؟

(iv) اقبال صاحب اپنے بیٹے کی کس بات پر خوش ہوئے؟

2- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

مالی بابا	امجد	کپڑے	برابر

(i) سب انسان ------------ ہیں۔

(ii) امجد ------------ کا بیٹا تھا۔

(iii) احمد ------------ کو ساتھ لے کر بازار گیا۔

(iv) احمد اور امجد نے ایک جیسے ------------ خریدے۔

سرگرمی

اساتذہ کی رہنمائی میں طلبہ عید کارڈ بنائیں اور اپنے دوستوں میں بانٹیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

اُستاد طلبہ کو عید کی اہمیّت اور اُس کی اخلاقی تعلیم کے متعلق آگاہی دیں۔